# احباب جماعت کے لئے ضروری معلومات

# Coronavirus Infoblatt Nr. 6

پیارے ممبران جماعت،

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ!

جس طرح آپ آج کل کی خبروں میں سے اخذ کر رہے ہیں حکومت نے وفاقی ریاستوں کیساتھ مل کر کرونا وائرس کی وباء کی روک تھام کیلئے بہت سی پابندیوں کو جاری رکھنے اور کچھ کو ڈھیل دینے کا فیصلہ کیا ہے. یہ سب معلومات اس پمفلٹ میں شائع کی گئی ہیں۔ براہ راست تعلق کی پابندی آگے بھی جاری رہے گی۔ زیادہ سے زیادہ مختلف گھرانوں سے تعلق رکھنے والے دو فراد مل سکتے ہیں۔ اس ملک میں عوام کو کہا جا رہا ہے کہ جس حد تک ممکن ہو اپنے گھروں میں رہیں۔ اسی طرح پبلک میں دوسروں سے کم از کم ڈیڑھ تا دو میٹر کا فاصلہ ضرور رکھیں۔ تمام اقدامات جن میں صفائی کے اقدامات بھی شامل ہیں آپ کی اور عوام کی صحت کو برقرار رکھنے کیلئے قائم کئے گئے ہیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بھی متعدد بار تمام احمدیوں کو ارشاد فرمایا ہے کہ اس ضمن میں بھی ملکی ہدایات پر عمل کریں۔ براہ مہربانی اپنے رشتہ داروں یا دوستوں کے گھروں میں جانے سے بکلی طور پر پرہیز کریں۔ اسی طرح فوتگی یا جنازہ کے موقع پر بھی اس بات کو یقینی بنائیں کہ ملکی قوانین پر عمل کیا جائے۔ تعزیت کیلئے گھروں میں جانے سے پرہیز کریں۔ ان اقدامات کو نظر انداز کرنا اور ان سے غفلت برتنا دوسروں کو خطرہ میں ڈالنے والا ثابت ہو سکتا ہے۔

جو بھی اس بیماری میں ملوث ہو وہ اس بات کو یقینی بنائے کہ اپنے گھر میں رہے اور ڈاکٹر کی ہدایات پر عمل کرے۔ نیز آپ سے درخواست ہے کہ پبلک میں، جماعتی اداروں میں اور جب کسی کے ساتھ ملیں تو چہرہ پر ماسک پہن لیں۔ ماسک کے حوالہ سے مزید معلومات منسلک ہیں۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو توفیق عطا فرمائے کہ ہم ملکی قوانین پر عمل کرنے والے ہوں اور اللہ تعالیٰ ہمیں کرونا وائرس اور اس کے ساتھ منسلک نقصانات سے محفوظ رکھے۔ آمین

والسلام
خاکسار
عبداللہ واگس ہاؤزر (امیر جماعت احمدیہ جرمنی)



**Ahmadiyya Muslim Jamaat Deutschland KdöR** | Genfer Straße 11 - 60437 Frankfurt a.M. | **Hotline: 069/509 837 01** | **E-Mail: coronainfo@ahmadiyya.de**

احباب جماعت کے لئے ضروری معلومات

**Coronavirus Infoblatt Nr. 6**

# جرمنی کی وفاقی حکومت کی جانب سے نئے اقدامات / قواعد وضوابط شائع کردہ 15 اپریل 2020

کرونا وبا کی بدلتی ہوئی صورتِ حال کے پیشِ نظر وفاقی حکومت نے صوبائی حکومتوں کے ساتھ گفت وشنید کے بعد چند ایک تبدیلیوں کا اعلان کیا۔

## رابطہ سے متعلق پابندیاں

- کم سے کم 1.5 میٹر کا فاصلہ ابھی بھی مشاہدہ کیا جانا چاہیے
- ایک ہی خاندان (گھر) کے افراد، زیادہ سے زیادہ صرف ایک غیر فرد سے باہر مل سکتے ہیں۔

## حفاظتی ماسک

- پبلک ٹرانسپورٹ، شاپنگ سینٹرز اور دیگر عوامی جگہوں پر حفاظتی ماسک پہننے کی تلقین کی جاتی ہے۔
- براہ کرم مقامی قواعد وضوابط سے آگاہ رہیں: کچھ جگہوں / علاقوں میں ماسک پہننا ضروری قرار دیا جا چکا ہے!

## اسکول اور کنڈر گارٹن

- اسکول اور کنڈر گارٹن 3 مئی 2020 تک بند رہیں گے۔
- 4 مئی 2020 سے اسکول دوبارہ کھول دیئے جائیں گے۔ اپنی وفاقی ریاست میں لاگو ضوابط کا مشاہدہ کریں!

## مذہبی اجتماعات

- مساجد، گرجا گھروں، عبادت گاہوں میں جمع ہونے کے ساتھ ساتھ مذہبی تقریبات اور جلسے بھی ممنوع ہیں۔

## سفر / ملنا جلنا

- نجی سفر اور رشتہ داروں سے ملنے سے گریز کریں۔



Ahmadiyya Muslim Jamaat Deutschland KdöR | Genfer Straße 11 - 60437 Frankfurt a.M. | Hotline: 069/509 837 01 | E-Mail: coronainfo@ahmadiyya.de

## احباب جماعت کے لئے ضروری معلومات

## Coronavirus Infoblatt Nr. 6

# حفاظتی ماسک سے کرونا وائرس کے منتقل ہونے کا خطرہ کم ہو جاتا ہے

خطبہ جمعہ 10 اپریل 2020 میں حضورِ اقدس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے حفاظتی ماسک سے ذاتی اور دوسروں کے تحفظ کی اہمیت کے بارے میں ارشاد فرمایا۔ اسی طرح 12 اپریل 2020 کو (Robert-Koch-Institut) نے بھی حفاظتی ماسک پہننے کی تاکید کی۔ آپ عام کپڑے اور گھروں میں بنے ہوئے ماسک بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ یاد رہے کہ یہ حفاظتی ماسک وائرس سے بچاؤ کا مکمل ذریعہ نہیں۔

## حفاظتی ماسک پہننے کے فوائد

- حفاظتی ماسک یاد دلاتا ہے کہ چلتے پھرتے اپنے چہرے کو ہاتھ نہ لگائیں (خود کی حفاظت)
- حفاظتی ماسک، حاملِ وائرس کی کھانسی کی صورت میں کم سے کم جگہ پہ پھیلے گا (دوسروں کا تحفظ)
- حفاظتی ماسک، جو کہ گھروں میں بنے ہیں، اُن کو استعمال میں ترجیح دینے سے میڈیکل فیلڈ میں کام کرنے والوں کو میڈیکل ماسک کی قلت کا سامنا نہیں ہو گا

## حفاظتی ماسک پہنتے وقت ہمیں کن چیزوں کا خیال رکھنا چاہیئے؟

- اِس کا فائدہ تب ہی ہو گا، جب آپ عام احتیاطی تدابیر کو بھی مدِنظر رکھیں گے: ۱۔ حفظانِ صحت کے تحت ہاتھوں کو اچھی طرح صابن سے دھوئیں ۲۔ کھانسی اور چھینک آنے پر اپنے منہ / چہرہ کو نیچے اور بغل کی طرف رکھیں ۳۔ 1,5m (۵ فٹ) کا فاصلہ رکھیں
- حفاظتی ماسک پہننے سے پہلے ہاتھوں کو اچھی طرح صابن سے دھوئیں، تا کہ ماسک آلودگی سے پاک رہے
- حفاظتی ماسک پہنتے وقت خیال رکھیں کہ ماسک ناک، منہ اور آنکھوں کے نیچے تک گالوں پہ کناروں سے فِٹ ہونا چاہیئے
- حفاظتی ماسک پہننے کے بعد، ماسک کو اوپر سے (باہر سے) بھی ہاتھ نہ لگائیں
- حفاظتی ماسک پہنتے ہوئے بھی 1,5m (۵ فُٹ) کا فاصلہ ہمیشہ برقرار رکھنا ضروری ہے
- حفاظتی ماسک گیلا ہونے پر فوراً تبدیل کریں
- حفاظتی ماسک استعمال کے بعد (اتارتے وقت) سائیڈ کے رِبن سے پکڑ کر اتاریں اور حفظانِ صحت کے تحت ہاتھوں کو اچھی طرح صابن سے کم از کم 30 سیکنڈز تک دھوئیں
- حفاظتی ماسک، جو کپڑے سے بنے ہوں، ہر استعمال کے بعد 90 ڈِگری پہ دھوئیں اور اچھی طرح خشک کر کے استعمال کریں



**Ahmadiyya Muslim Jamaat Deutschland KdöR** | Genfer Straße 11 - 60437 Frankfurt a.M. | **Hotline: 069/509 837 01** | **E-Mail: coronainfo@ahmadiyya.de**

# احباب جماعت کے لئے ضروری معلومات

## Coronavirus Infoblatt Nr. 6

## حفاظتی ماسک کب پہننا چاہیئے؟

جب حفاظتی فاصلہ 1,5m (۵ فُٹ) کا نہ رکھا جا سکے خصوصاً:

- مقامی پبلک ٹرانسپورٹ میں
- گروسری اسٹورز اور اہم کاموں میں
- کام پر
- ایسی صورتحال اور مقامات، جہاں بہت سارے افراد مل سکتے ہیں

## حفاظتی ماسک کب پہننا ضروری نہیں؟

- ایسی جگہیں، جہاں آپ مل جل کر کام کرتے ہوں اور کروناوائرس کے موجود ہونے کا امکان ہو۔ ایک حفاظتی ماسک یا پھر خود کا بنایا ہوا ماسک آپ کا تحفظ نہیں کر سکتا۔
- ایسی صورت میں میڈکل، بلکہ سرجیکل ماسک کلاس FFP2 یا FFP3 استعمال کریں۔

## حفاظتی ماسک کہاں سے حاصل کر سکتے ہیں؟

- حفاظتی ماسک یا پھر آپ نہایت آسان طریقہ سے گھر پر کاٹن کے کپڑے پر فلیس لگا کر ماسک سلائی کریں۔ ماسک بنانے کی بہت سی تراکیب آپ کو انٹرنٹ سے مل سکتی ہیں۔
- اس وقت ضرورت مندوں کے لیئے کثیر تعداد میں ماسک گھروں میں تیار کیئے جا رہے ہیں۔ اگر آپ کے پاس یہ سہولت نہیں ہے، تو اس صورت میں اپنے صدر جماعت/لوکل امیر یا صدر لجنہ اماء اللہ سے رابطہ کریں۔



Ahmadiyya Muslim Jamaat Deutschland KdöR | Genfer Straße 11 - 60437 Frankfurt a.M. | Hotline: 069/509 837 01 | E-Mail: coronainfo@ahmadiyya.de